اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن اَمَّابَعْدُ فَاَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط

"ہر سطح کی شعبہ مشاورت کو **Up date** کرنے والے مدنی پھول (محرم الحرام)"

﴿1﴾ مسلما نوں کا نیا اسلامی سال پہلی محرم الحرام سے شروع ہوتا ہے ہوسکے تو ہر سال پہلی محرم الحرام کی آمد پر آپس میں نئے اسلامی سال کی مبارک باد دی جائے۔

﴿2﴾ محرم الحرام میں چونکہ دس دن تک "مدنی مذاکروں " کا سلسلہ ہوتا ہے لہٰذا یہ مدنی مذاکرے نہ صرف خود سنیں بلکہ اپنے گھروالوں کو بھی سُننے کی ترغیب دلائیں۔

(3) جن ڈویژن (اوورسیز میں **زون)** **میں "دارالسنّہ" ہیں اور وہاں** پہلی **محرم الحرام سے قبل جو رہائشی کورس ہورہا ہوتو ڈویژن نگران (اوورسیز میں زون نگران) ، دارالسنّہ ذمّہ دار (ڈویژن سطح اوورسیززون سطح) کے ذریعے شیڈول کی دہرائی کے وقت "بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمْ لکھنے کی فضیلت"اور "شیطان سے حفاظت کا عَمل" پڑھ کر سنوائیں۔**

- ہر سطح کی شعبہ جات ذمہ دار یہ پیپر اپنے انفرادی عمل کے لیے اپنی مشاورت نگران سے بذریعہ **mail**پوسٹ یا **whatsapp** پر بذریعہ **image**حاصل فرمالیں۔

﴿4﴾ 10 محرم الحرام سے قبل " اجتماع ذکرِ شہادت(3 دن)" ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کے مقام پر اُسی سطح تک مُنعقد کیا جائے گا۔ لہٰذا ہر سطح کی شعبہ جات ذمہ دار لازمی اس میں شرکت کی سعادت حاصل فرمائیں۔

- محرم الحرام کے اجتماع ذکر شہادت کےتین دنوں میں اگر علاقائی دورہ کا دن آئے تو اُس دن علاقائی دورہ نہ کیا جائے۔
- محرم الحرام کے اجتماع ذکر شہادت کےتین دنوں میں اگر ماہانہ مدنی مشورے کے ایّام ہوں تو مدنی مشورہ کسی اور دن لیا جائے۔
- مدرسۃ المدینہ (بالغات)، محرم الحرام کے اجتماع ذکر شہادت کے(3 دن) دورانیے سے قبل یا بعد میں لگائے جائیں تاکہ پڑھنے والی اسلامی بہنیں بھی اجتماع میں شرکت کرسکیں۔
- قرآن ٹیچر ٹریننگ کورس کی طالبات،گلی گلی مدرسۃ المدینہ کی طالبات کی سرپرست کو بھی اجتماع ذکر شہادت (3 دن) میں شرکت کی دعوت دی جائے۔
- اگر 10 محرم الحرام کو ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع ، علاقائی دورہ اور سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے کا دن آئے تو اُس دن اجتماع، علاقائی دورہ و سیکھنے سکھانے ماہانہ دینی حلقہ نہیں ہوگا۔البتہ صوبہ نگران اوورسیز ریجن **نگران** کی اجازت سے سیکھنے سکھانے کے ماہانہ دینی حلقے کا دن تبدیل کرلیا جائے۔
- البتہ ایسےملک جہاں 10 محرم الحرام کو اتنی گھما گھمی اور جلوس وغیرہ نہیں ہوتے وہاں مذکورہ تمام دینی کام معمول کے مطابق ہوں ۔

﴿5﴾ سالانہ کارکردگی برائے ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع کے مطابق عمل کیا جائے۔

- کورس ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع یوسی (اوورسیز میں ڈویژن) تا عالمی سطح کی ذمہ داران اور شارٹ کورسز ذمہ داران کے ذریعے کروایا جائے ۔
- یہ کورس بالمشافہ، 8 دن کا اور دورانیہ 2 گھنٹے ہوگا جبکہ آن لائن کورس 8 سے 10 دن کا اور دورانیہ ایک گھنٹہ ہوگا۔

﴿6﴾ 8، 9، 10محرم الحرام کو اسلامی بھائیوں کے قافلے روانہ ہوتے ہیں لہٰذا ہر سطح کی شعبہ مشاورتیں اپنے محارم کو انفرادی کوشش کے ذریعے سفر کی ترغیب دلائیں جو انہیں سفر کے لیے تیار کرنے میں کامیاب ہوجائیں وہ اپنی ذمہ دار کے پاس نام لکھوادیں۔

اللہپاک شہدائے کربلا کے صدقے و طفیل ہمیں بھی اپنا وقت، اپنا مال اور وقت پڑنے پر اپنی جان بھی راہِ خدا میں قربان کرنے کی عظیم سعادت نصیب فرمائے۔ اٰمِیْن بِجَاہِ خَاتَمِ النَّبِیّٖن صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

گھر لٹانا جان دینا کوئی
تجھ سے سیکھ جائے
جانِ عالم ہو فدا اے
خاندانِ اہلبیت
(ذوقِ نعت)